ABC Certified
لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت مستند قومی اخبار
Daily JINNAH Lahore
روزنامہ جناح لاہور
ایڈیٹر انچیف
محسن جمیل بیگ

محتسب اعلیٰ کا ادارہ عوام کو انصاف فراہم کرتا ہے: افشاں صابر

کھلی کچہری کے انعقاد میں سائلین کی دادرسی کے لیے موقع پر احکامات جاری کئے گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ مس افشاں صابر نے کہا ہے کہ محتسب اعلیٰ کا ادارہ عوام کو بروقت اور سستا انصاف فراہم کرتا ہے وفاقی اداروں کے متاثرین اپنے مسائل کے حل کیلئے اس ادارے سے رجوع کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ای واپڈا سرکل شیخوپورہ کے دفتر میں کھلی کچہری کے انعقاد میں سائلین کی دادرسی کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹر وفاقی محتسب اعلیٰ مس افشاں نے حقائق پر مبنی درخواستوں پر احکامات سائلین کے حق میں دیئے جبکہ 40 کے قریب جرمانے اور بجلی چوری کے کیس سنے اور ان کا صارفین کے حق میں جو بنتا تھا موقع پر ہی فیصلہ کر کے عملدرآمد بھی کروایا گیا ہے اس موقع پر پی اے افتخار احمد، ایکسین رورل محمد رضوان قریشی، کے علاوہ ایکسین سٹی عامر نواز، ایکسین مریدکے، فاروق آباد، ایس ڈی او جنڈیالہ روڈ، ایس ڈی او کھاریانوالہ محمود علی، بھی موجود تھے ڈائریکٹر وفاقی محتسب نے بجلی صارفین کو تنگ کرنے ان کو بھاری جرمانہ کرنے اور بجلی چوری کے جھوٹے الزامات عائد کرنے کی صارفین کی درخواستوں کی سماعت کی اور 40 کیسوں میں جو صارفین کا بنتا تھا موقع پر ہی فیصلہ سنایا۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بلوچستان کے عوام کا بےباک ترجمان
Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA
روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ
چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

وفاقی محتسب خضدار کے تعاون سے شہری کو پنشن تنخواہ مل گئی

خضدار (خ ن) وفاقی محتسب خضدار کے تعاون سے شہری کو ان کا پنشن تنخواہ مل گئی۔ خضدار کے ضعیف العمر شہری امیر بخش نے اپنی شکایتی درخواست وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کے

بقیہ بلوچستان نیوز 88

دفتر میں لیکر آئی اور اپنی فریاد سناتے ہوئے بتایا ان کی کئی ماہ کی پنشن تنخواہ ایف ائی اے کی جانب سے بند کیا گیا ہے جس پر وفاقی محتسب نے ان کی پنشن تنخواہ سے متعلق تمام دستاویزات کے تحت کیس فارورڈ کردیا اور باقاعدہ طور پر شہری امیر بخش کی پنشن تنخواہ کھل گئی۔ شہری نے وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کے اس تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی محتسب خضدار کاشف بلوچ کا کہنا تھا کہ وہ عوام الناس کی خدمت کے لئے بیٹھے ہیں اور روزانہ کی بنیاد پر بڑی تعداد میں شہری اپنے مسائل اور اپنی فریاد لیکر ان کے پاس آتے ہیں اور وہ ان پر باقاعدہ طور پر فوری کارروائی بھی کرتے ہیں جس سے شہریوں کے مسائل باقاعدہ طور پر حل بھی ہوجاتے ہیں۔ اب تک سینکڑوں لوگوں کی درخواستوں پر ان کے مسائل حل کیئے جاچکے ہیں۔